فون 99212639

ڈائریکٹر پبلک ریلیشن سندھ پولیس آفس

مومن آباد پولیس مقابلہ، تفصیلی انکوائری رپورٹ اندرون تین یوم ارسال کی جائے۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی

کراچی ۰۹ جون 2014ء۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام قادر تھیبو نے ڈی آئی جی ویسٹ کو ہدایات جاری کی ہیں کہ تھانہ پیرآباد کی حدود رحمٰن بابا اسٹیڈیم کے قریب تھانہ مومن آباد پولیس پارٹی کے مقابلے کے حوالے سے تفصیلی انکوائری رپورٹ اندرون تین یوم برائے ملاحظہ و ضروری کارروائی ارسال کی جائے۔

انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے تھانہ پیرآباد کے ایس ایچ او سے بھی علاقہ گشت اور پکٹنگ ڈیپلائمنٹ کی تفصیلات طلب کرنے کے ساتھ ساتھ پولیس مقابلے کے عینی شاہدین اور علاقہ مکینوں کے بھی بیانات قلمبند کیئے جائیں جبکہ کرائم سین سے اٹھائے گئے گولیوں کے خول کی بھی فارنزک تحقیقات کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ مقابلے میں حصہ لینے والے تھانہ مومن آباد کے ایس ایچ او اور پولیس پارٹی میں شامل دیگر اہلکاروں کی تفصیلات میں انکے بیانات بشمول وقت وقوعہ، ملزمان کا حلیہ، ڈکیتی میں استعمال کی جانیوالی "گاڑی"، قبضہ میں یا برآمد ہونیوالا اسلحہ و دیگر حقائق کو لازمی شامل کیا جائے۔ تاکہ باقاعدہ تصدیق کے بعد تمام ضروری محکمانہ اقدامات کو یقینی بنایا جاسکے۔

#